# نیشنل مجلس عاملہ لجنہ اماء اللہ سپین کے ساتھ میٹنگ

پروگرام کے مطابق آٹھ بجے مسجد بیت الرحمٰن کے لئے روانگی ہوئی۔ آٹھ بج کر دس منٹ پر ''نیشنل مجلس عاملہ لجنہ اماء اللہ سپین'' کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جنرل سیکرٹری صاحبہ سے سپین لجنہ کی تجنید، مجالس اور حلقہ جات کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ نیز فرمایا کہ Mallorca کی لجنہ کس مجلس میں شامل ہے؟

اس پر جنرل سیکرٹری صاحبہ نے بتایا کہ یہاں سپین میں لجنہ کی مجموعی تجنید 127 ہے اور ہماری چار بڑی مجالس ہیں: میڈرڈ، بارسلونا، پیدروآباد اور ویلنسیا۔ اور باقی جو دوسری مختلف جگہوں پر کم تعداد میں لجنہ موجود ہے وہ سب کسی نہ کسی بڑی مجلس کے ساتھ شامل ہے۔

۞...... نومبائعات کے بارہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہدایات دیتے ہوئے فرمایا کہ ان کے لئے کوئی نصاب تیار کریں۔ باقاعدہ نصاب ہونا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا کہ نومبائعین کی تربیت کے لئے بہت کوشش کی ضرورت ہے تاکہ یہ اسلام کی بنیادی تعلیمات جان جائیں۔ ان کو نماز کی طرف توجہ دلائیں۔ قرآن کریم کی تلاوت کی طرف توجہ دلائیں۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب کے مطالعہ کی طرف بھی توجہ دلائی جائے۔

نبوّت کا تصوّر واضح ہو۔ ان کو اپنے تبلیغی پروگراموں کا بھی حصہ بنائیں اور اپنے ساتھ کاموں پر لگائیں تاکہ ان کو جماعتی روایات کا علم ہو اور ان کی پرانی عادات و اطوار ختم ہوں اور یہ نئے طور طریق اور نئی باتیں اپنائیں اور جماعت کا ایک مضبوط اور فعال حصہ بنائیں۔

**اسسٹنٹ جنرل سیکرٹری** کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہدایت فرمائی کہ ماہانہ نیوز لیٹرز حسبِ سابق جاری رہنا چاہئے اور زیادہ سے زیادہ لجنات تک یہ لیٹر پہنچنا چاہئے۔

**سیکرٹری تجنید** سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لجنہ کی تجنید کے متعلق دریافت فرمایا۔ جس پر سیکرٹری تجنید نے بتایا کہ ہماری تجنید 127 ہے۔ اور ہمارا سبھی سے رابطہ قائم ہے۔

**سیکرٹری تربیت** سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دریافت فرمایا کہ کیا لجنہ کی تربیت کیلئے کوئی نصاب تیار کیا گیا ہے؟ نیز حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ صدر صاحبہ لجنہ کو چاہئے کہ وہ باقاعدگی کے ساتھ نیشنل عاملہ کی ہر ممبر کی تربیت کی نگرانی بھی کریں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہ بھی دریافت فرمایا کہ لجنہ اماء اللہ میں سے کتنے فیصد لجنات تربیتی کلاسز میں شامل ہوتی ہیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہدایت فرمائی کہ تربیتی کلاسز کی حاضری میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔ اور اس کے لئے عہدیداران کو نرمی کے ساتھ پیش آنا چاہئے۔ میٹنگز یا کلاسوں کیلئے بلاتے وقت کسی قسم کی کوئی سختی نہیں ہونی چاہئے۔ لوگوں کے گھروں میں جاکر نرمی کے ساتھ انہیں بتائیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: ماؤں سے بھی پوچھنا چاہئے کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت کیلئے کیا کر رہی ہیں؟ کیا وہ اپنے بچوں کو قرآن کریم سکھا رہی ہیں؟ کیا وہ اپنے بچوں کو ایم ٹی اے کے پروگرامز دکھاتی ہیں؟ حضور انور نے فرمایا کہ یہ بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے بہت ضروری ہے۔ اس طرف توجہ دیں۔

**سیکرٹری شعبہ تعلیم** کو مخاطب ہوتے ہوئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ تعلیم کے نصاب میں اس وقت قرآن کریم کی کونسی سورۃ شامل کی گئی ہے؟ نیز حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دریافت فرمایا کہ کیا یہ نصاب ہر لجنہ تک پہنچتا ہے؟ اور سال میں اس نصاب کے کتنے امتحانات ہوتے ہیں؟ اور ممبرانِ عاملہ میں سے کتنی ایسی ہیں جو اس امتحان میں شامل ہوتی ہیں؟ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ نیشنل عاملہ کی ہر ممبر کو ان امتحانات میں شامل ہونا چاہئے۔ اگر کوئی ممبر نہیں شامل ہوتی تو مرکز کو اس کی رپورٹ کریں۔ اور یہ کوشش ہونی چاہئے کہ تمام ممبرات امتحان میں شامل ہوں۔

**سیکرٹری شعبہ مال** سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دریافت فرمایا کہ کیا ساری لجنات چندہ ادا کرتی ہیں؟ جس پر سیکرٹری مال نے بتایا کہ 120 لجنات چندہ ادا کرتی ہیں۔ اور جو ابھی شامل نہیں ہوئیں ان کو توجہ دلائی جاتی ہے۔

**سیکرٹری شعبہ تبلیغ** کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ آپ کی بیعتوں کا ٹارگٹ کم ہے۔ کم از کم نیشنل عاملہ کی ممبران کی تعداد کے برابر آپ کا ٹارگٹ ہونا چاہئے۔ اور پھر اس کے حصول کے لئے کوشش بھی ہونی چاہئے۔

**سیکرٹری خدمت خلق** کو ہدایت دیتے ہوئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ خدمتِ خلق کے تحت جمع ہونے والا چندہ افریقہ بھجوایا جاسکتا ہے۔ نیز حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ سڑکوں پر مانگنے والوں کو دینے کی بجائے ہمیں جماعتی طور پر چندہ جمع کرنے میں بہتری پیدا کرنی چاہئے۔

**سیکرٹری صنعت و تجارت** کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہدایت فرمائی کہ صنعت و تجارت کے شعبہ میں بہتری لانی چاہئے۔ بالخصوص ایسی لجنات کے ذریعہ جن کے پاس آمدنی کے کوئی ذرائع نہیں ہیں وہ سہولت سے بعض کام کر کے آمدنی پیدا کرسکتی ہیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اجتماعات کے مواقع پر handicrafts وغیرہ کی نمائش لگائے جانے کے بارہ میں رہنمائی فرمائی۔

**سیکرٹری صحت جسمانی** سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دریافت فرمایا کہ کتنی لجنات ایسی ہیں جو روزانہ ورزش کرتی ہیں؟ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ اس شعبہ کو بھی بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔

**سیکرٹری اشاعت** سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دریافت فرمایا کہ لجنہ اماء اللہ کا میگزین 'النصرت' کتنے عرصہ بعد شائع ہوتا ہے؟ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہدایت فرمائی کہ خطبات جمعہ میں سے منتخب حصوں کو اس میگزین میں شائع کیا کریں۔ جس پر سیکرٹری اشاعت نے بتایا کہ یہ میگزین سہ ماہی ہے۔

**سیکرٹری ناصرات** سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سپین میں موجود کل ناصرات کی تعداد دریافت فرمائی۔ نیز دریافت فرمایا کہ ان میں کتنی ہیں جو روزانہ تلاوت کرتی ہیں؟ ناصرات کا چندہ کتنا ہے؟ جس پر سیکرٹری صاحبہ ناصرات نے بتایا کہ 18 ناصرات روزانہ تلاوت کرتی ہیں اور ان کا سالانہ چندہ 280 یوروز ہے۔

حضور انور نے توجہ دلائی کہ ناصرات کو روزانہ تلاوت قرآن کریم کرنے کی عادت ڈالیں۔

۞...... سیکرٹری تربیت نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے سوال کیا کہ چہرہ کے پردہ کی کیا اہمیت ہے؟

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ قرآن کریم کے مطابق جسم اور بالوں کا پردہ فرض ہے۔ چہرہ کا ایک مخصوص حصہ پردے میں شامل ہے۔ ماتھے کا اوپر کا حصہ اور ٹھوڑی کا حصہ ڈھکا ہوا ہونا چاہئے بشرطیکہ عورت نے میک اَپ نہ کیا ہو۔ ورنہ اسے اپنا چہرہ بھی ڈھانپنا ہوگا۔

۞...... سیکرٹری نومبائع نے سوال کیا کہ عرب لوگوں کو تبلیغ کرنے کیلئے کیا طریق اختیار کئے جاسکتے ہیں؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ اس کیلئے دو باتیں ہیں: اوّل یہ کہ عرب نومبائعات کی تربیت کا خاص خیال رکھا جائے۔ دوم: جب یہ نومبائعات تیار ہو جائیں تو وہ اپنے اپنے دائرہ میں اپنے حلقہ میں احمدیت کا پیغام پہنچائیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ باقاعدگی کے ساتھ سیمینارز کا بھی انعقاد کرنا چاہئے۔

۞...... سیکرٹری تربیت نے پوچھا کہ ایسی لجنات جو مسلسل جماعتی پروگراموں میں شامل نہیں ہوتیں ان کا کیا کرنا چاہئے؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ آپ کا فرض ہے کہ ان کو باقاعدگی کے ساتھ پروگراموں کی اطلاع دیتی رہیں۔ ان کو مسلسل نصیحت کرتی رہیں۔ قرآن کریم نے یہی طریق بتلایا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ نہ آنے والیوں میں سے پچاس فیصد تو ایسی ہوتی ہیں جن کے دلوں میں عہدیداران کے متعلق کوئی نہ کوئی بات ہوتی ہے۔ اس لئے ان کے ساتھ ہمیشہ نرمی کا سلوک کرنا چاہئے۔ عہدیداران کو چاہئے کہ وہ ان کے ساتھ نرم رویہ رکھیں اور ان کو نظام کے قریب لانے کی کوشش کرتی رہیں۔

۞...... سیکرٹری مال نے سوال کیا کہ ایسی ممبرات جو چندہ ادا نہیں کرتیں کیا وہ ووٹ دے سکتی ہیں؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ چندہ عام خواتین کیلئے ضروری نہیں ہے۔ لیکن چندہ وصیت اور چندہ اجتماع ضروری ہیں۔ اس لئے ایسی خواتین کے متعلق مرکز سے باقاعدہ اجازت حاصل کرنی چاہئے کہ کیا وہ ووٹ دے سکتی ہیں؟

۞...... صدر صاحبہ لجنہ نے پوچھا کہ کیا وہ میڈرڈ جماعت کی صدر صاحبہ کو نیشنل عاملہ کی میٹنگ میں شامل کر سکتی ہیں؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ملک کی مرکزی جماعت کی صدر نیشنل عاملہ کی میٹنگ میں شامل ہو سکتی ہے۔ (یعنی سپین میں اگر جماعت کا مرکز پیدروآباد میں ہے تو پیدروآباد جماعت کی صدر کو نیشنل عاملہ کی میٹنگ میں شامل کیا جاسکتا ہے۔) ورنہ وہ نیشنل عاملہ کی میٹنگ میں شامل نہیں ہوسکتیں جب تک کہ وہ نیشنل عاملہ کی ممبر نہ ہوں۔

۞...... صدر صاحبہ لجنہ نے ایک افریقن عورت کے متعلق پوچھا کہ وہ بعض معالات کی وجہ سے جیل میں ہیں۔ کیا ان سے چندہ لیا جاسکتا ہے؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ افریقنوں کی تربیت کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کی مدد کرنی چاہئے۔ اگر وہ چندہ دینا چاہتی ہیں تو ان سے چندہ لے لیا جائے۔

آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: اگر آپ محنت کریں تو آپ کی جماعت ایک ماڈل جماعت بن سکتی ہے۔ آپ کو اس بات سے بھی فائدہ اُٹھانا چاہئے کہ آپ کی عاملہ کی ممبران پورے سپین میں پھیلی ہوئی ہیں۔

نیشنل مجلس عاملہ لجنہ اماء اللہ سپین کی یہ میٹنگ آٹھ بج کر 50 منٹ پر اختتام کو پہنچی۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مسجد سے ملحقہ پلاٹ میں تشریف لے گئے۔ یہ پلاٹ بھی جماعت نے خریدا ہوا ہے۔ یہاں ایک گھر بھی بنا ہوا ہے جہاں اس وقت مبلغ سلسلہ کی رہائش ہے۔

اس پلاٹ کے کھلے احاطہ میں ایک مارکی لگا کر لنگر خانہ قائم کیا گیا تھا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لنگر خانہ کا معائنہ فرمایا اور منتظمین سے آج شام کے لئے تیار کئے گئے کھانے کے بارے میں دریافت فرمایا۔ منتظمین نے بتایا کہ آلو گوشت کا سالن تیار کیا گیا ہے۔ حضور انور نے از راہ شفقت سالن کا معیار دیکھا اور فرمایا کہ اچھا پکا ہوا ہے۔

معائنہ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مسجد میں تشریف لے آئے اور نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائشگاہ پر تشریف لے گئے۔

..............................